دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (مطالعاتِ ترجمہ) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2023

## PhD (Translation Studies) Entrance Test - 2023

### Question paper cum Answer script پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

وقت : دو گھنٹے
نمبرات : 70

ہال ٹکٹ نمبر

OMR Serial No.

For Office Use

---

For Office Use



# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (مطالعات ترجمہ) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2023

## PhD (Translation Studies) Entrance Test - 2023

### Question paper cum Answer script پرچہ سوالات مع جوابی بیاض



## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل (8) صفحات پر مشتمل ہے۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔
3. یہ کتابچے دو حصوں (Parts A,B) پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچۂ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

# (Part - A) حصہ اول

## Section-I (Research Methodology) تحقیق کے طریقہ کار

1۔ تحقیق کس زبان کا لفظ ہے

(A) ترکی　(B) فارسی

(C) عربی　(D) عبرانی

2۔ درج ذیل میں سے کون سا سرچ انجن نہیں ہے

(A) Bing　(B) Yahoo

(C) Google　(D) Chrome

3۔ The Craft of Research کا مصنف ذیل میں سے کون ہے

(A) Wayne C. Booth　(B) Judith Bell

(C) Ranjit Kumar　(D) Max Van Manen

4۔ الکٹرانک ذرائع سے مختلف کتب خانوں کی نیٹ ورکنگ کو۔۔۔۔۔کہا جاتا ہے

(A) Libinfnet　(B) Inflibnet

(C) HTML　(D) Internet

5۔ ''تحقیق کے طریقۂ کار'' کا مصنف ذیل میں سے کون ہے

(A) عبدالرزاق قریشی　(B) گیان چند جین

(C) رشید حسن خاں　(D) ڈاکٹر ش اختر

6۔ زبانوں کی تحقیق کا علم

(A) Morphology　(B) Linguistics

(C) Philology　(D) Philosophy

7۔ تحقیقاتی عمل میں حتمی مرحلہ (Final Stage) کیا ہے

(A) رپورٹ تحریر کرنا (Report Writing)　(B) ڈیٹا جمع کرنا (Data Collection)

(C) ڈیٹا کا تجزیہ (Data Analysis)　(D) مسئلہ کی تشکیل (Problem Formulation)

8۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا ''ترسیمی اظہار'' (Graphical Representation) نہیں ہے

(A) پائی چارٹ (Pie Chart)　(B) بارچارٹ (Bar Chart)

(C) جدول (Table)　(D) ہسٹوگرام (Histogram)

9۔ کسی فوری شبہ کو حل کرنے کے لیے شروع کی گئی تحقیق

(A) مقداری تحقیق (Quantitative Research) (B) توضیحی تحقیق (Descriptive Research)

(C) معیاری تحقیق (Qualitative Research) (D) عملی تحقیق (Action Research)

10۔ مسئلہ کی تشکیل کا آخری مرحلہ (Problem Formulation) ان میں سے کیا ہے

(A) بحث ومباحثہ (Discussion) (B) تحقیقی مسئلے کو دوبارہ لکھنا (Republushing the Research Problem)

(C) سروے (Survey) (D) لٹریچر سروے (Literature Survey)

11۔ اچھے محقق کی ایک خصوصیت

(A) پختہ عمر (Matured Age) (B) فاضل وقت (Free Time)

(C) سائنسی مزاج (Scientific Temper) (D) پیسہ (Money)

12۔ ریسرچ نتیجہ ہے

(A) انسانی ضروریات (Human Requirements) کا (B) انسانی اشتیاق وتجسس (Human curiosity) کا

(C) انسانی خواہشات (Human Desires) کا (D) فطری واقعات (Natural Incidents) کا

13۔ درج ذیل میں سے کس خصوصیت کا تعلق تحقیق سے نہیں ہے

(A) منطقی (Logical) (B) منظّم (Systematic)

(C) معروضی (Objective) (D) تناظر (Perspective)

14۔ ذیل میں کس سرچ انجن کو علمی وسائنسی معلومات کے لیے بطور خاص تیار کیا گیا ہے

(A) Scirus (B) Google

(C) Yahoo (D) Altavista

15۔ تحقیقی خاکہ دراصل

(A) تحقیقی مسئلہ (Research Problem) کی نشاندہی ہے (B) تحقیقی آلات (Research Tools) کی تیاری ہے

(C) تحقیقی طریقوں (Research Methods) کا تعین ہے (D) تحقیقی کام کا تفصیلی نقشہ (Blue Print) ہے

16۔ تحقیقی مقالے کے آخر میں دی جانے والی کتابوں کی فہرست کو کیا کہتے ہیں

(A) اقتباس (Quotation) (B) کتابیات (Bibliography)

(C) سوانح (Biography) (D) فوٹ نوٹ (Foot Note)

17۔ تحقیق کا موضوع درج ذیل کی بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے

(A) نگراں کی پسند (B) بیرونی دباؤ

(C) معنویت وافادیت (D) تحقیق کار کی پسند

18۔ ان میں سے کیا ''ذہانتی ملکیت حق'' (Intelectual Property Rights) کے تحت نہیں آتا

(A) تھیسارس (Thesaurus) (B) پیٹنٹ (Patent)

(C) ٹریڈ مارکس (Trade Marks) (D) کاپی رائٹ (Copy Rights)

19۔ فیڈ بیک (Feedback) کیا ہے

(A) مزاحیہ خاکہ (B) ماخذ

(C) وصول کنندہ کی جانب سے ارسال کنندہ کو بھیجا جانے والا ردعمل (D) طنزیہ خاکہ

20۔ کتاب ''تحقیق کا فن'' کے مصنف کا نام:

(A) عبدالستار دلوی (B) گیان چند جین

(C) عطش درانی (D) گوپی چند نارنگ

21۔ مخففNAAC کا مکمل

(A) National Award & Access Commission

(B) National Agreement & Accreditation Council

(C) National Assessment and Accreditation Commission

(D) National Assessment & Accreditation Council

22۔ تحقیق میں معروضیت (Objectivity)

(A) تحقیق کو مستند بنانے والی بنیاد (B) تحقیق کو گنجلک بنا دیتی ہے

(C) تحقیق کو نتائج سے دور کر دیتی ہے (D) تحقیق کو غیر معتبر بنا دیتی ہے

23۔ Central Institute of Indian Languages کہاں پر واقع ہے؟

(A) میسور (B) حیدرآباد

(C) دہلی (D) بھوپال

24۔ User Profile کسے کہتے ہیں

(A) List of Useful Citation (B) Statement of User Information

(C) List of Descritors (D) List of Users

25۔ تحقیق کی اخلاقیات(Research Ethics) کا تعلق کس سے نہیں ہے؟

(A) تحقیق میں انسانی حقوق کا تحفظ (B) معلومات کی پیش کش میں دیانتداری

(C) کتابوں کی اشاعت (D) معلومات کا غلط استعمال

## Section -II (Concerned Subject)

26 تکنیکی رپورٹ کامختصر خلاصہ کیا ہے

(A) تجزیہ (Analysis)
(B) توضیح (Description)
(C) جائزہ(Review)
(D) تلخیص (Abstract)

27۔ تحقیقی مفروضہ (Research Hypothesis) کیا ہے

(A) حتمی رائے (Final Opinion)
(B) ابتدائی نقطہ نظر یا قیاس (Initial opinion or guess)
(C) ماحصل (Outcome)
(D) اختلاف رائے (Difference of Opinion)

28۔ درج ذیل میں سے کون سا طریقہ تحقیق نہیں ہے

(A) فلسفیانہ (Philosophical)
(B) تاریخی (Historical)
(C) مشاہدہ (Observation)
(D) سروے (Survey)

29۔ ترجمے سے متعلق علم کے لیے Translation Studies کا نام 1972 میں کس اسکالر نے پیش کیا

(A) جے ایس ہومز (J.S.Holmes)
(B) جرمی منڈے (Jeremy Munday)
(C) اتمار ایون ظہر ( Itamar Even-Zohar)
(D) بیس نیٹ(Bassnett)

30۔ اب تک کی تحقیق کے مطابق اردو کی پہلی ترجمہ شدہ کتاب

(A) روضۃ الشہداء
(B) معراج العاشقین
(C) تمہیدات ہمدانی
(D) سب رس

31۔ بازتخلیقیت کا تعلق ذیل میں سے کس سے ہے

(A) ادبی ترجمہ
(B) علمی ترجمہ
(C) قانونی ترجمہ
(D) صحافتی ترجمہ

32۔ ترجمے میں مداخلت( Intervention in Translation )کا نظریہ کس نے پیش کیا

(A) نیو مارک
(B) مونا بیکر
(C) جیکب سن
(D) وینوٹی

33۔ ترجمے سے متعلق اولین نظریاتی بحث کس مفکر کے یہاں ملتی ہے

(A) نائیڈا
(B) جیکب سن
(C) افلاطون
(D) سسرو

34۔ صرفیات (Morphology) میں مطالعہ کیا جاتا ہے

(A) آوازیں اوران کے مخارج
(B) جملوں کی ترکیب
(C) لفظوں کی تشکیل
(D)الفاظ کے معانی

35۔ Pragmatics میں ۔۔۔۔۔۔۔ کو اہمیت حاصل ہے

(A) سیاق (Context)
(B) صرف (Morphology)
(C) اسلوب (Style)
(D) پیش کش (Presentation)

36۔ ایوان اتمار ظہر نے ترجمے کا کون سا نظریہ پیش کیا ہے

(A) نظریہ آفاقیت
(B) لسانیاتی نظریہ
(C) نوآبادیاتی نظریہ
(D) نظریہ تمدن

37۔ 1954ء میں مشینی ترجمے کا عوامی مظاہرہ کس نے کیا

(A) IBM اور جارج ٹاؤن یونیورسٹی
(B) WIPRO اور جارج ٹاؤن یونیورسٹی
(C) IBM اور میک ملن یونیورسٹی
(D) WIPRO اور میک ملن یونیورسٹی

38۔ وہ عمل جس میں مکمل جملوں کو فقروں میں تقسیم کیا جاتا ہے

(A) ٹیگ کا عمل (Tagging)
(B) پارس کا عمل (Parsing)
(C) چنک کا عمل (Chinking)
(D) پرون کا عمل (Prunning)

39۔ The Routledge Encyclopedia of Translation کا مصنف ان میں سے کون ہے

(A) نوم چومسکی
(B) مونا بیکر
(C) آئیکن نائیڈا
(D) ظہر شیوٹ

40۔ کسی متن کے ایک سے زائد ترجمے کے لیے کون سی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے

(A) ذوترجمہ (Bi Translation)
(B) کثیر ترجمہ (Multi Translation)
(C) مخلوط ترجمہ (Hybrid Translation)
(D) ہم ترجمہ (Co Translation)

41۔ ''مغرب سے نثری تراجم'' کا مصنف کون ہے

(A) عطش درانی
(B) قمر رئیس
(C) مرزا حامد بیگ
(D) خلیق انجم

42۔ Horizontal کا درست متبادل ذیل میں سے کیا ہے

(A) افقی
(B) زاویائی
(C) بالائی
(D) عمودی

43۔ مدیر زبان کا درست انگریزی متبادل ذیل میں سے کیا ہے

(A) Editor
(B) Content Editor
(C) Subject Editor
(D) Languge Editor

44۔ ترجمے کی ادارت وہ طریقہ کار ہے جو۔۔۔۔۔۔۔۔ کے لیے اپنایا جاتا ہے

(A) مترجم کے حسب خواہش ترجمہ شدہ مواد کی تصیح وتکمیل (B) اصل مواد کے مطابق ترجمہ شدہ مواد کی تصیح وتکمیل

(C) متن کی تخلیق (D) حروف اور الفاظ کی زمرہ بندی

45۔ مضمون ''گر ترجمے سے فائدۂ اخفائے حال ہے'' کے مصنف کا نام

(A) جمیل جالبی (B) پروفیسر حسن عسکری

(C) شمس الرحمٰن فاروقی (D) مرزا حامد بیگ

46۔ درج ذیل میں سے کس کو زبان کے تہذیبی عنصر کی حیثیت حاصل ہے

(A) رسم الخط (B) صوتیات

(C) محاورہ (D) قواعد

47۔ The Paradise of Food کے نام سے خالد جاوید کے ناول ''نعمت خانہ'' کا ترجمہ کس نے کیا ہے

(A) جمیلہ فاروقی (B) فوزیہ فاروقی

(C) افشاں فاروقی (D) باراں فاروقی

48۔ ترجمے کے نظریات سے متعلق اے بی الصافی (A B Assafi) کی تصنیف کردہ کتاب کا نام

(A) "Translation Theories, Strategies and basic theoratical issues"

(B) "Translation Strategies and basic theoratical issues"

(C) "Translation Theories and Strategies"

(D) "Translation Theories and basic theoratical issues"

49۔ عربی کی مشہور کتاب کلیلہ ودمنہ کس سنسکرت کتاب کا عربی ترجمہ ہے۔

(A) شکنتلا (B) ناٹیاشاسترا

(C) پنچ تنتر (D) ہتوپدیش

50۔ Manuscript کو اردو میں کیا کہتے ہیں

(A) مطبوعہ (B) مجموعہ

(C) مسودہ (D) مخطوطہ

## (Part - B) حصہ دوم

## Descriptive

(4 X 5 = 20 marks) چاروں سوالات کے جواب لکھیے:

### (Research Methodology)

1۔ لفظ تحقیق سے آپ کیا سمجھتے ہیں اور اس کی اہم اقسام کیا ہیں؟ وضاحت کے ساتھ اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

2۔ تحقیق کی اخلاقیات پر ایک مضمون سپرد قلم کیجیے۔

### (Subject Concerned)

1۔ ترجمے کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی مختلف اقسام بیان کیجیے۔

2۔ اردو میں اصطلاح سازی پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔